040-9200518

No. 780 – ACS

**OFFICE OF THE CONTROLLER**

**Board of Intermediate and Secondary Education, Sahiwal**

Dated: 15-02-2022

# اشتہار

**1.** ساہیوال بورڈ کی حدود میں واقع ہائی سکولز، ہائر سیکنڈری سکولز اور کالجز میں تعینات ایسے اساتذہ اکرام جو میٹرک / انٹر میڈیٹ کلاسز کو پڑھا رہے ہوں اور سالانہ و ضمنی امتحانات 2022ء میں اپنے رہائشی علاقہ کے قریب مارکنگ سنٹر پر بطور سب ایگزامینر اور ہیڈ ایگزامینر (برائے مارکنگ) کام کرنے کے خواہش مند ہوں وہ ایجوکیشن بورڈ ساہیوال کی ویب سائٹ www.bisesahiwal.edu.pk پر ONLINE SYSTEM میں APPLY FOR MARKING/PAPER SETTER کے لنک پر جا کر اپلائی کریں اور درخواست کی ہارڈ کاپی اپنے سربراہ ادارہ سے تصدیق کروا کر ڈپٹی کنٹرولر سیکریسی کے دفتر میں بذریعہ ڈاک / دستی جمع کروائیں۔

❖ **اہلیت برائے ہیڈ ایگزامینر / سب ایگزامینر:-**

i. ہیڈ ایگزامینر کے لیے میٹرک / انٹر میڈیٹ کلاسز کو پڑھانے کا کم از کم تجربہ **سات سال** نیز بطور سب ایگزامینر بھی خاطر خواہ تجربہ کا حامل ہو۔

ii. سب ایگزامینر کے لیے میٹرک / انٹر میڈیٹ کلاسز کو پڑھانے کا کم از کم تجربہ **دو سال** ہونا ضروری ہے۔ **نیز پرائیویٹ کالجز میں پڑھانے والے اساتذہ اکرام درخواست کے ہمراہ ٹائم ٹیبل، آخری ڈگری، قومی شناختی کارڈ اور تجربہ کے سرٹیفکیٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں بھی لف کریں۔**

**2.** ساہیوال بورڈ کی حدود میں رہائش پذیر ایسے بیروزگار تعلیم یافتہ افراد جو بورڈ ہذا کے میٹرک / انٹر میڈیٹ، سالانہ و ضمنی امتحان 2022ء میں اپنے رہائشی علاقہ کے قریب مارکنگ سنٹر پر بطور سپر چیکر کام کرنا چاہتے ہیں وہ ایجوکیشن بورڈ ساہیوال کی ویب سائٹ www.bisesahiwal.edu.pk پر فراہم کیے گئے اسسٹنٹ کم سپر چیکر کے فارم کو پُر کر کے اسکی ہارڈ کاپی، آخری ڈگری، شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی، تازہ ترین تصویر فارم پر چسپاں اور بورڈ ہذا کی حدود میں واقع کسی بھی سرکاری ادارہ کے سربراہ کی تصدیق اور سفارش کے ہمراہ مورخہ 31 مارچ 2022ء تک ڈپٹی کنٹرولر سیکریسی کے دفتر میں بذریعہ ڈاک / دستی جمع کروائیں۔

❖ **درج ذیل اہلیت کے امیدواران درخواست دینے کے اہل ہوں گے:-**

i. امیدواران کی تعلیمی قابلیت ایم بی اے، ایم کام، ایم اے، ایم ایس سی ہو۔ تاہم **موزوں گریجوایٹس** بھی درخواست دے سکتے ہیں۔

ii. کسی بھی سرکاری، نیم سرکاری، خود مختار اور پرائیوٹ ادارے کا ملازم نہ ہو۔

iii. سپر چیکرز کے لیے ڈیوٹی خالصتاً مارکنگ کے ایام کے لیے ہوگی۔

iv. بورڈ کی مروجہ یومیہ اجرت کے مطابق ادائیگی کی جائیگی۔

کنٹرولر امتحانات

Personal Assistant to Controller Ph: 040-9200528
E-mail: acsbiseswl@gmail.com